# URDU SAMPLE PAPER

## Class : X

## Urdu Course - B

## March - 2012

**M.M.: 80** **Time : 3 hrs**

## (حصہ الف)

1۔ غیر درسی اقتباس

مندرجہ بالا غیر درسی نثری اقتباس کو پڑھیے سمجھیے اور سوالوں کے جو متبادل جواب دیئے گئے ہیں ان میں سے صحیح جواب کو چن کر لکھیے۔ 4

انسان ایک سماجی حیوان ہے وہ تنہا نہیں رہ سکتا اور نہ ہی تنہائی زندگی گزارنا پسند کرتا ہے۔ اس کی زندگی دوسروں کے میل جول رکھنے پر چلتی ہے۔ وہ اجتماعی زندگی گزارنے کا عادی ہے۔ ماں، باپ، بھائی، بہن، رشتہ دار اور پھر سماج سے اس کا رشتہ جڑتا ہے۔ ہر ایک کی رفاقت اسے حاصل رہتی ہے اور سب مل کر اس کے جسم و روح اور دل و دماغ پر اثر ڈالتے ہیں۔ وہ ماحول کا اثر قبول کرتا ہے۔ اپنے گرد و پیش سے بے خبر نہیں رہ سکتا۔ اگر اس کا ماحول صاف ستھرا اور نیک ہوگا تو وہ بھی صاف ستھرا اور نیک بنے گا۔ اس کی مثال اس ہوا کی طرح ہے کہ وہ جہاں سے گزرتی ہے ویسی ہی ہو جاتی ہے۔ کتاب کی تعلیم اور زبانی نصیحتیں بھی اتنا اثر نہیں کرتیں جتنا ایک اچھا ماحول اس پر اثر ڈالتا ہے۔

(i) انسان کس طرح کی زندگی گزارنے کا عادی ہے؟

1۔ تنہا زندگی گزارنے کا

2۔ نیک زندگی گزارنے کا

3۔ اجتماعی زندگی گزارنے کا

4۔ الگ تھلگ زندگی گزارنے کا

(ii) انسان کو کس چیز سے مثال دی گئی ہے؟

1۔ سونے سے مثال

2۔ پانی سے مثال

3۔ ہوا سے مثال

4۔ مٹی سے مثال

(iii) انسان پر کس چیز کا اثر سب سے زیادہ پڑتا ہے؟

1۔ والدین کا

2۔ اچھے ماحول کا

3۔ دوستوں کا

4۔ رشتے داروں کا

(iv) جملہ مکمل کیجیے: اگر اس کا ماحول صاف ستھرا اور نیک ہوگا تو ۔۔۔۔

1۔ اچھا اور بہتر انسان بنے گا

2۔ وہ بھی صاف ستھرا اور نیک بنے گا

3۔ نیک اور خوب صورت بنے گا

4۔ خوب صورت اور خوب سیرت بنے گا

2۔ مندرجہ بالا شعری بند کو پڑھیے سمجھیے اور سوالوں کے جو متبادل دیئے گئے ہیں ان میں سے صحیح متبادل کو چن کر لکھیے۔ 4

دنیا عجب بازار ہے کچھ جنس یاں کی سات لے
نیکی کا بدلہ نیک ہے، بد سے بدی کی بات لے
میوہ کھلا میوہ ملے، پھل پھول دے پھل پات لے
آرام دے آرام لے دکھ درد دے آفات لے
کل جگ نہیں کر جگ ہے یہ یاں دن کو دے اور رات لے
کیا خوب سودا نقد ہے اس ہات دے اس ہات لے

(i) نیکی کا بدلا کیا ہے؟

1۔ نیکی کا بدلہ بدی ہے

2۔ نیکی کا بدلہ نیکی ہے

3۔ نیکی کا بدلہ اچھائی ہے

4۔ نیکی کا بدلہ احسان ہے

(ii) دنیا کو کیسا بازار کہا گیا ہے؟

1۔ مہنگا بازار

2۔ سستا بازار

3۔ عجب بازار

4۔ مینا بازار

(iii) کیسے کام کرنے کے بدلے میں بدی ملتی ہے؟

1۔ نیک کام کرنے سے

2۔ اچھا کام کرنے سے

3۔ برا کام کرنے سے

4۔ لگاتار کام کرنے سے

(iv) شاعر کے نزدیک کون سا جگ ہے؟

1۔ کل جگ

2۔ کر جگ

3۔ کر جگ

4۔ کرم یُد

3۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ایک سو پچاس لفظوں میں مضمون لکھیے۔ 8

1۔ اسکول کا سالانہ جلسہ

2۔ یادگار سفر

3۔ ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا

4۔ پرنسپل کے نام فیس معاف کرنے کے لئے درخواست لکھیے 8

یا

اخبار کے ایڈیٹر کے نام خط لکھیے جس میں کوئی قابل ذکر واقع درج کیجیے۔

5۔ مندرجہ ذیل جملوں کو خانے میں دیئے گئے لفظوں کی مدد سے مکمل کیجیے 4

یتیموں والی خاطر اشاروں

(i) میں آپ کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بارش میں بھیگتے ہوئے آیا ہوں

(ii) عقل مند آدمی ــــــــــــــــــــــــ ہی سے بات کو تاڑ لیتا ہے۔

(iii) ــــــــــــــــــــــــ کے ساتھ ہمدردی اور محبت سے پیش آنا چاہئے۔

(iv) ان بچوں کا کوئی سر پرست ہے نہ کوئی ــــــــــــــــــــــــ۔

6۔ نیچے دیئے ہوئے الفاظ سے اسم فاعل اور اسم مفعول الگ الگ کر کے لکھیے۔ 4

حاکم مجبور تباحال عابد
سکھی مریض مطلوب معبود

7۔ درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے 4

تصویر عادات اقدامات آلہ
ایجاد خبر لمحات صفات

8۔ درج ذیل جملوں میں صفت ذاتی، صفت عددی، اور صفت مقداری تلاش کر کے لکھیے 4

(i) چار آدمی آئے
(ii) عربی گھوڑا خوب صورت ہے
(iii) موہن دو کلو سیب لایا
(iv) سفید کتا سو رہا ہے

9۔ نیچے دیئے ہوئے لفظوں کے متضاد لکھیے 4

عرش اختلاف زندہ دل سادہ
ادنیٰ سیاہ خوش حال محتاج

10 مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ (صرف چار) 4

دماغ آسمان پر ہونا، خون پسینہ ایک کرنا، رات آنکھوں میں کاٹنا
آنسو بھر آنا، آنکھیں پھیر لینا

## (حصہ ب)

12۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیے اور ان میں کسی ایک اقتباس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے۔ 6

رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو چالیس امیروں میں بانٹا جن سے وہ ملکی معاملات میں مشورہ کرتی تھی اس نے میر آخور کا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا کیونکہ وہ ایمان دار اور جفاکش تھا۔ یہ اہم عہدہ اب تک صرف ترک امیروں کو ملتا تھا۔ یہ بات ترک امیروں کو پسند نہیں آئی۔ انھوں نے رضیہ کو تخت سے اتارنے کی سازش کی اور بھٹنڈا کے گورنر التونیہ کو بہکا کر بغاوت کروادی۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اس کا نام لکھیے۔

(ii) رضیہ سلطان ملکی معاملات میں کن سے مشورہ لیتی تھی؟

(iii) اس نے ''میر آخور'' کا عہدہ کس کو دیا؟

(iv) رضیہ سلطان کو تخت سے ہٹانے کے لیے ترک امیروں نے کیا کیا کروایا؟

یا

ایک بار اونتی ایک دوست کی دعوت میں گیا۔ بارات والوں کو بہت اچھا کھانا کھلایا گیا تھا۔ اونتی نے بھی خوب ڈٹ کر کھایا۔ کھانا کھاتے وقت اس نے دیکھا کہ ایک مہمان مٹھائیاں صرف کھا ہی نہیں رہا ہے بلکہ جیب میں بھی بھرتا جا رہا ہے۔ اونتی بھلا ایسے موقع پر کب چوکنے والا تھا۔ وہ اپنی جگہ سے اٹھا اور چائے کی کیتلی اٹھا کر اس مہمان کی جیب میں انڈیلنے لگا تو وہ ناراض ہوکر بولے ''یہ کیا بدتمیزی ہے'' چائے انڈیلتے انڈیلتے اونتی نے بھولے پن سے جواب دیا ''بھائی میں آپ کو نقصان نہیں پہنچا رہا ہوں۔ آپ کی جیب نے بہت ساری مٹھایاں کھائی ہیں اس لئے اسے پیاس بھی ضرور لگی ہوگی۔ میں اسے چائے پلا رہا ہوں۔''

(i) یہ نثری اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اس کے مصنف کا نام لکھیے؟

(ii) اونتی کہاں دعوت میں گیا؟

(ii) کھانا کھاتے وقت اس نے کیا دیکھا؟

(iv) اونتی نے مہمان کی حرکت دیکھ کر کیا کیا؟

13۔ مندرجہ ذیل سوالوں میں کسی دو کے جواب مختصر طور پر لکھیے۔ 6

(i) زمین پر مختلف جانداروں کی نشو ونما کیسے ہوتی ہے؟

(ii) بیرل کے ذریعے پڑھائی کس طرح ہوتی ہے؟

(iii) پیروں میں پہیئے لگوانے سے ہندو کی کیا مراد تھی؟

(iv) رضیہ سلطان کی خوبیاں کیا تھیں؟

14۔ ڈراما کارتوس کی کہانی اپنے لفظوں میں لکھیے۔ 4

یا

کاٹھ کا گھوڑا کہانی آپ کو کیسی لگی اور اس میں کون سا کردار آپ کو پسند آیا اس کی وجوہات لکھیے۔

15۔ مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھیے سمجھیے اور ان میں سے کسی ایک سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے۔ 6

کوئی امید بر نہیں آتی کوئی صورت نظر نہیں آتی
موت کا اک دن معین ہے نیند کیوں رات بھر نہیں آتی
آگے آتی تھی حالِ دل پر ہنسی اب کسی بات پر نہیں آتی
ہے کچھ ایسی ہی بات جو چُپ ہوں ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

(i) اس غزل کے شاعر کا نام لکھیے۔
(ii) 'کوئی صورت نظر نہیں آتی' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
(iii) اُمید بر نہیں آنا کے کیا معنی ہیں؟
(iv) شعر مکمل کیجیے: موت کا اک دن معین ہے ۔۔۔

یا

خون اپنا ہو یا پرایا ہو نسل آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں امنِ عالم کا خون ہے آخر
بم گھروں پر گریں، کہ سرحد پر روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ اوروں کے زیست فاقوں سے تلملاتی ہے
ٹینک آگے بڑھیں، کہ پیچھے ہٹیں کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ زندگی میتوں پر روتی ہے

(i) اس نظم کے شاعر کا نام لکھیے۔
(ii) روحِ تعمیر کے زخم کھانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
(iii) دھرتی کی کوکھ بانجھ ہونے سے کیا مطلب ہے؟
(iv) شاعر نے جنگ کو کیا کہا ہے؟

16۔ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب مختصر طور پر لکھیے۔ 6

(i) پہاڑ نے اپنی بڑائی میں کیا کہا؟

(ii) شاعر نے جنگ کو امن عالم کا خون کیوں کہا ہے؟

(iii) پہاڑ اور غار کو نگاہ میں نہ لانے کا مطلب کیا ہے؟

(iv) گلہری نے پہاڑ کی باتوں کا کیا جواب دیا؟

17۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کے جواب کو تفصیل سے لکھیے۔ 4

نظم پہاڑ اور گلہری آپ کو کیسی لگی اس کی وجوہات لکھیے۔

یا

قدم بڑھاؤ دوستو کا مرکزی خیال لکھیے۔